صحاح ستہ

اور

فقہ حنفیہ

یہ کہنا کہ فقہ حنفیہ صحاح ستہ کے خلاف ہے۔ حنفی عامل بالحدیث نہیں یہ قول سراسر غلط ہے اس کے جواب میں یہ مقالہ حاضر خدمت ہے۔

نحمدہ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم و علیٰ الہ و اصحابہ اجمعین امابعد

فقہ حنفیہ کی تائید میں کافی احادیث صحاح ستہ میں موجود ہیں۔ اگر یہ حدیثیں نہ بھی ہوتیں جب بھی فقہ حنفیہ کی صداقت میں کلام نہیں۔ اس لئے کہ جب فقہ حنفیہ مرتب ہوا صحاح ستہ کا وجود تک نہ تھا۔ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ (تابعی المتوفی ۱۵۰ھ) صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنھم سے ملنے والے ہیں۔ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنھم کو نماز ادا فرماتے دیکھا صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنھم کی نماز کے مطابق فقہ حنفیہ کی نماز جو عین اتباع رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہے کو مرتب فرمایا۔ اب صحاح ستہ کی احادیث مبارکہ جو فقہ حنفیہ کی تائید کرتی ہیں ان کو بیان کرتا ہوں جو اصل کتب صحاح ستہ (بخاری مسلم ابو داؤد، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ) دیکھنا چاہے فقیر ہر وقت دکھانے کے لئے تیار ہے۔

☆...... صحیح بخاری صفحہ ۷۶ جلد اول، صحیح مسلم صفحہ ۲۲۴ جلد اول

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

اذا اشتد الحر فابردوا بالصلوۃ فان شدۃ الحر من فیح جھنم

جب گرمی سخت ہو تو نماز ظہر کو ٹھنڈا کرو کیونکہ سخت گرمی جہنم کی بھاپ سے ہے۔ ۱؎

☆...... ابو داؤد صفحہ ۹۷ جلد اول

۱؎ اس مضمون کی حدیث بخاری صفحہ ۷۸ جلد اول السنن الکبریٰ للبیہقی صفحہ ۴۳۸ جلد اول، کنز العمال صفحہ ۲۱۹ جلد ہشتم، نصب الرایہ صفحہ ۲۲۸ جلد اول میں بھی ہے۔ فیضی

نماز میں صفوں کو چونے گچ کرو اور صفوں کو ایک دوسرے کے قریب کرو اور گردنوں کو برابر کرو۔

فائدہ: معلوم ہوا ٹانگیں چوڑی کر کے کھڑے ہونا احادیث صحاح ستہ کے خلاف ہے۔

☆...... ابو داؤد صفحہ ۱۱۲ جلد اول

تکبیر تحریمہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں انگوٹھوں کو اپنے دونوں کانوں کے مقابل کیا پھر اللہ اکبر فرمایا۔

☆...... مشکوۃ شریف صفحہ ۷۵، بحوالہ بخاری و مسلم ہے۔

حضور اکرم ﷺ تکبیر تحریمہ کے وقت دونوں ہاتھوں کو دونوں کانوں کے برابر کرتے

☆...... مشکوۃ شریف صفحہ ۷۷، بحوالہ ابو داؤد ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں انگوٹھے تکبیر تحریمہ میں کانوں کے برابر کئے۔

☆...... ابو داؤد صفحہ ۷۵ جلد اول

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنھا کی زبانی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نماز میں سوائے تکبیر اولی کے رفع یدین نہیں۔

☆...... ایسا ہی ترمذی صفحہ ۳۳ جلد اول میں ہے۔

☆...... ابو داؤد ۷۵ صفحہ جلد اول

متواتر دو حدیثیں۔ مولا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ہتھیلی کو ہتھیلی کی پشت پر رکھنا ناف کے نیچے سنت ہے۔

☆...... ابو داؤد شریف صفحہ ۱۲۱ جلد اول

حضور ﷺ نماز الحمد سے شروع کرتے (بسم اللہ زور سے نہیں پڑھی)

☆...... مسلم شریف صفحہ ۱۷۲ جلد اول

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان رضی اللہ عنہم نماز الحمد سے شروع فرماتے (بسم اللہ زور سے نہیں پڑھی)

☆...... ابن ماجہ صفحہ ۵۹ جلد اول

امام کو جماعت میں بلند آواز سے بسم اللہ پڑھنا بدعت ہے۔ [۱]

☆...... سنن نسائی صفحہ ۱۴۴ جلد اول

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھائی تو ہم نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بسم اللہ پڑھتے نہیں سنا اور ہمیں حضرت ابوبکر، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے نماز پڑھائی ہم نے ان سے بھی بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھتے نہیں سنا۔ [۲]

☆...... ابو داؤد صفحہ ۱۲۱ جلد اول

ابو داؤد نے بسم اللہ کو زور سے نہ پڑھنے کا باب باندھا ہے۔

☆......اسی طرح امام نسائی نے نسائی صفحہ ۱۴۴ جلد اول میں اسی قسم کا باب باندھا ہے

☆...... بخاری صفحہ ۱۰۸ جلد اول

---

۱ شرح معانی الآثار صفحہ ۱۱۹ جلد اول، جامع ترمذی صفحہ ۳۳ جلد اول، مسند امام اعظم صفحہ ۵۸، نسائی صفحہ ۱۰۵ جلد اول

۲۔ مسلم صفحہ ۱۷۲ جلد اول۔ طحاوی صفحہ ۱۱۹ جلد اول مسند احمد صفحہ ۵۷ جلد اول، ابن خزیمہ صفحہ ۲۴۹ جلد اول۔ ابو جلیل فیضی غفرلہ

رکوع میں ملنے سے رکعت مل جاتی ہے معلوم ہوا فاتحہ خلف الامام فرض نہیں۔

☆...... سنن نسائی صفحہ ۱۴۶ جلد اول

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے امام کے پیچھے قرآن پڑھنے سے روک دیا۔

☆...... ایسا ہی ترمذی شریف صفحہ ۴۲ جلد اول میں ہے۔

☆...... ایسا ہی مسلم شریف صفحہ ۱۷۲ جلد اول میں دو مقامات پر ہے۔

☆...... ایسا ہی نسائی شریف صفحہ ۱۴۶ جلد اول میں ہے۔

☆...... نسائی شریف صفحہ ۱۴۷ جلد اول

جب امام غیر المغضوب علیہم ولا الضالین کہے تو تم آمین کہو۔

☆...... صحیح بخاری صفحہ ۱۰۱ جلد اول

حضور اکرم ﷺ نے امام کے پیچھے نماز ادا کرنے کا پورا طریقہ بغیر فاتحہ کے بتایا

☆...... سنن ابن ماجہ صفحہ ۶۱ جلد اول

اذا قراء فانصتو جب امام قرأت کرے تم خاموش رہو۔

☆...... یہ حدیث دو مرتبہ ابن ماجہ میں ہے۔

☆......نسائی شریف صفحہ ۱۴۶ جلد اول

وَإِذَا قُرِئَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوا لَهُ وَأَنصِتُوا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ کی شرح میں ہے۔ اذا قرء فانصتو ا جب امام قرأت کرے خاموش رہو۔

☆...... یہ حدیث نسائی شریف میں دو مرتبہ آئی ہے۔

☆...... ترمذی صفحہ ۴۲ جلد اول

"من صلی رکعۃ لم یقرء فیھابام القران فلم یصل الاان یکون وراء الامام" ھذاحدیث حسن صحیح

جس نے بغیر فاتحہ نماز پڑھی اس کی نماز نہیں ہوئی مگر امام کے پیچھے بغیر فاتحہ کے نماز ہوجائے گی یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

☆...... یہ حدیث ترمذی شریف میں دو مقامات پر آئی ہے۔ (واقعی بغیر فاتحہ کے نماز نہیں ہوتی جب اکیلا ہو یا امام ہو)

☆...... ترمذی شریف صفحہ ۳۴ جلد اول

نماز میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آمین آہستہ کہی و خفض بھا صوتہ

☆...... بخاری شریف صفحہ ۱۰۹ جلد اول پر دو حدیثیں۔

☆...... ترمذی شریف صفحہ ۴۰ جلد اول۔

☆...... سنن ابو داؤد شریف صفحہ ۱۳۱ جلد اول۔

☆...... سنن نسائی شریف صفحہ ۱۷۰ جلد اول۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بغیر رفع یدین صحابی کو نماز سکھائی۔

☆...... ابن ماجہ صفحہ ۷۵ جلد اول میں ہے۔

بائیں پاؤں پر بیٹھنا اور دائیں کو کھڑا کرنا چاہیے رکوع و سجود میں رفع یدین نہیں کرنا چاہیے۔ صرف بائیں طرف گر کر بیٹھنا منع ہے۔

☆...... نسائی شریف صفحہ ۱۶۲ جلد اول میں ہے۔

☆...... ابو داؤد صفحہ ۱۴۷ جلد اول میں ہے۔

☆...... سنن نسائی صفحہ ۱۳۲ جلد اول میں ہے۔

جب امام غیر المغضوب علیھم ولا الضالین کہے تو تم آمین کہو۔ رکوع و سجود کی تکبیر کے وقت رفع یدین نہیں سورۃ فاتحہ پڑھنا صرف امام کا کام ہے۔ مقتدی کا نہیں امام کی اقتدا میں فاتحہ پڑھنا جائز نہیں۔

☆...... مسلم شریف صفحہ ۱۷۰ جلد اول

بذات خود حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز کا طریقہ بغیر رفع یدین کے سکھایا۔

☆...... نسائی شریف صفحہ ۱۵۸ جلد اول

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نماز میں نہ رفع یدین عند الرکوع والسجو اور نہ جلسہ استراحت۔

☆...... ایسا ہی مسلم شریف صفحہ ۱۶۹ جلد اول میں ہے۔

☆...... نسائی شریف صفحہ ۱۶۱ جلد اول

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کیا تمہیں رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نماز پڑھ کر نہ دکھاؤں تو آپ نے نماز پڑھی سوائے ایک دفعہ کے رفع یدین نہیں کیا یعنی ہاتھ نہیں اٹھائے اب بتایئے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نماز بغیر رفع یدین ہوئی یا نہیں۔

☆...... ایسا ہی ابو داؤد صفحہ ۱۱۶ جلد اول میں ہے۔

☆...... ابو داؤد شریف صفحہ ۱۱۶ جلد اول میں ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب بھی نماز شروع فرماتے اپنے

دونوں ہاتھوں کو دونوں کانوں کے قریب کرتے پھر رفع یدین نہ کرتے۔

☆...... یہ حدیث ابو داؤد شریف میں دو مرتبہ آئی ہے۔

☆...... نسائی شریف صفحہ ۱۵۸ جلد اول

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کیا میں تمہیں رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نماز نہ بتاؤں راوی نے کہا کیوں نہیں! عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کھڑے ہوئے تو آپ نے صرف پہلی دفعہ رفع یدین کیا پھر نہیں لوٹایا۔

☆...... ترمذی شریف صفحہ ۳۵ جلد اول

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نماز کی مثل نماز پڑھی سوائے تکبیر تحریمہ کے پھر رفع یدین نہ کیا، فرمایا یہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نماز ہے جو بغیر رفع یدین کے ہے۔

☆...... ابو داؤد شریف صفحہ ۱۱۴ جلد اول میں ہے۔

تابعین حضرات حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نماز بغیر رفع یدین عند الرکوع والسجود مانتے تھے۔

☆...... مسلم شریف صفحہ ۱۸۱ جلد اول

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کیا وجہ ہے کہ میں تمہیں دیکھتا ہوں کہ تم رفع یدین کرتے ہو جیسا کہ گھوڑے اپنی دُمیں بار بار ہلاتے ہیں نماز میں سکون کرو۔

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دوسری حدیث ایک اور واقعہ کے متعلق

ہے۔ اس حدیث سے تعلق نہیں۔

دلیل نمبر ۱:۔ پہلی حدیث جو ہم نے نقل کی ہے اس میں واقعہ یوں ہے خرج علینا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم. جماعت کا ذکر نہیں بلکہ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نماز پڑھ رہے تھے اور پھر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے اور دوسری حدیث میں واقعہ اور ہے کنا اذا صلینا مع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یعنی جب نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھتے تھے۔ تو سلام کے وقت اشارہ کرتے اور تیسری حدیث میں مع رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہے۔

دلیل نمبر 2 :۔ جو ہم نے عدم رفع یدین کے متعلق حدیث بیان کی ہے۔ اس میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے الفاظ ہیں مالی اراکم رافعی ایدیکم صاف رفع یدین کا ذکر ہے۔ جس سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا اور باقی دونوں حدیثوں میں سے ایک میں تو تومون بایدیکم تم اپنے ہاتھوں سے اشارہ کرتے ہو اور تیسری حدیث میں ما شانکم تشیرون بایدیکم موجود ہے کیا ہے تمہارا شان کہ ہاتھوں سے اشارہ کرتے ہو۔ تو صاف ثابت ہوا کہ سلام کے وقت اشارہ کرتے تھے اور پہلی حدیث میں صاف رفع یدین کے الفاظ ہیں جس سے سرکار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم منع فرما رہے ہیں۔

دلیل نمبر 3 :۔ آخر میں ارشاد فرمایا اسکنوا فی الصلوٰۃ نماز میں سکون اخت کرو نماز میں سلام کے وقت اشارہ کرنے سے اسکنوا فی الصلوٰۃ فر۔ صلی اللہ علیہ وسلم صادق نہیں آتا کیونکہ وہ فی الصلوۃ کا مصداق ہی نہیں۔

☆...... نسائی شریف صفحہ ۱۶۴ جلد اول حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے
صرف ایک مہینہ قنوت نازلہ پڑھی پھر ترک فرمادی۔

☆...... یہ حدیث نسائی شریف میں تین مقامات پر ہے۔

☆...... نسائی صفحہ ۱۶۴ جلد اول قنوت نازلہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ترک
فرمادی حضرات ابوبکر، عمر، عثمان علی رضی اللہ عنھم نے قنوت نازلہ نہیں پڑھی۔

☆...... بخاری شریف صفحہ ۱۳۶ جلد اول صرف ایک مہینہ قنوت نازلہ پڑھی گئی۔

☆...... بخاری شریف میں تین مقامات پر ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وسلم نے صرف ایک مہینہ قنوت نازلہ پڑھی۔

☆...... ترمذی شریف صفحہ ۵۷ جلد اول

سرکار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کی فجر کی دو سنتیں رہ جائیں تو
چاہیے کہ سورج چڑھنے کے بعد ان کو پڑھے۔

☆...... ابو داؤد شریف صفحہ ۲۸ جلد اول میں ہے:۔

سرکار ﷺ نے فرمایا وتر حق (بمعنی واجب) ہے پھر جس شخص نے وتر نہیں پڑھے تو
وہ میری امت سے نہیں وتر حق ہے۔ تو جس شخص نے وتر نہیں پڑھے تو وہ ہم سے نہیں وتر
حق ہے تو پھر جس شخص نے وتر نہیں پڑھے تو وہ میری امت میں سے نہیں۔

☆...... ترمذی شریف صفحہ ۵۰ جلد اول

سرکار ﷺ نے فرمایا نماز جوڑا جوڑا ہے ہر دو رکعتوں میں ایک تشھد ہے۔

☆...... مسلم شریف صفحہ ۲۱۴ جلد اول، ابو داؤد شریف صفحہ ۱۵۱ جلد اول

سجدہ سہو بعد از سلام ہے۔

☆...... ابو داود شریف صفحہ ۱۵۳ جلد اول

عید کے دن جمعہ جائز اور ظہر فرض ہوتی ہے۔

☆...... ابو داؤد شریف صفحہ ۱۵۳ جلد اول

سرکار ﷺ نے فرمایا تمہارے پاس اس دن میں دو عیدیں جمع ہو گئی ہیں تو
جو چاہے اس کو جمعہ بھی جائز ہے اور ہم دونوں کو جمع کرنے والے ہیں۔

☆...... ترمذی شریف صفحہ ۱۱۹ جلد اول

اکثر اہل علم اس پر عامل ہیں۔ جو حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجھہ اور
حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے علاوہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وسلم کے اصحاب سے 20 بیس رکعت تراویح روایت کی گئی ہے اور یہی حضرت سفیان
ثوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول ہے اور حضرت ابن مبارک رضی اللہ تعالیٰ عنہ
اور حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا، حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا
اپنے شہروں مکہ معظمہ میں میں نے پایا کہ وہ بیس رکعتیں تراویح پڑھتے تھے۔

☆...... مسلم شریف صفحہ ۲۹۳ جلد اول، بخاری شریف صفحہ ۹۳۸ جلد دوم

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دونوں ہاتھ پھیلا کر دعا مانگتے آپ
کے بغلوں کی سفیدی دکھائی دیتی۔

☆...... ابو داؤد صفحہ ۲۱۶ جلد اول

میں دو مقامات پر دعا میں ہاتھ اٹھانے کا ثبوت ہے۔

پہلی حدیث میں ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس طرح دعا
فرماتے تھے۔ اپنے دونوں ہاتھوں کی اندر کی ہتھیلیوں کے ساتھ دعا فرماتے۔

دوسری حدیث میں ہے سرکار دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا
بیشک تمہارا رب زندہ ہے کریم ہے اپنے بندے سے حیا کرتا ہے جب بندہ دونوں
ہاتھوں کو اٹھائے یہ کہ ان کو خالی لوٹادے۔

☆...... ترمذی شریف صفحہ ۳۰۰ جلد دوم

سرکار دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی بندہ ایسا نہیں جو اپنے دونوں
ہاتھ اٹھائے حتی کہ اس کی بغلیں ظاہر ہو جائیں سوال کرے اللہ تعالیٰ سے کوئی سوال مگر
اس کو اللہ تعالیٰ عطا کرتا ہے جب تک جلدی نہ کرے۔

☆...... ابن ماجہ صفحہ ۲۸۳ جلد اول باب رفع الیدین فی الدعا

☆...... بخاری شریف صفحہ ۹۳۸ جلد دوم باب رفع الایدی فی الدعا

حضور اکرم ﷺ نے ہاتھ اٹھا کر دعا مانگی صحابہ نے بغلوں کی سفیدی دیکھی

☆...... یہی حدیث بخاری شریف میں اس کے ساتھ ہے۔

☆...... ابو داؤد شریف صفحہ ۲۱۷ جلد اول

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا مانگتے اسی
قسم کی حدیث ابو داؤد صفحہ ۲۱۷ جلد اول میں ہے۔

☆...... ابو داؤد صفحہ ۲۱۸، ۲۱۹ جلد اول میں دو مقامات پر موجود ہے۔

☆...... ابو داؤد صفحہ ۲۲۰ جلد اول

ہر نماز کے بعد دعا مانگنا حضور اکرم ﷺ کی وصیت ہے۔

☆...... ابو داؤد صفحہ ۲۱۶ جلد اول میں دو حدیثیں اس کے جواز کی ہیں۔

☆...... ترمذی شریف صفحہ ۷۶ جلد اول نوافل کے بعد دعا جائز ہے۔

☆...... ابو داؤد شریف صفحہ ۲۱۵ جلد اول نماز کے بعد درود شریف اور دعا جائز ہے

☆...... مسلم شریف صفحہ ۲۹۳، ۳۱۳ جلد اول

تین دفعہ دعا مانگنا جائز اور مستحب ہے۔

☆...... کھانے پر ختم کا ثبوت ابو داؤد صفحہ ۲۸۵ جلد اول میں ہے۔

☆...... نذرانے پر دعا کا ثبوت ابن ماجہ صفحہ ۱۲۹ جلد اول میں ہے۔

ان بیاسی حوالہ جات سے ثابت ہوا ہے۔ فقہ حنفیہ عظیم فقہ ہے۔ جس کی تائید صحاح ستہ
سے بھی ہوتی ہے۔ دیگر کتب احادیث میں بھی فقہ حنفیہ کی تائید میں کافی دلائل موجود
ہیں۔ ضعیف ضعیف کی رٹ عبث ہے حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے زمانہ میں
یہ ضعف کے وجوہ موجود نہ تھے۔ کیونکہ ضعیف راوی ابھی پیدا بھی نہ ہوئے تھے۔

ھذا ما ظھر لی فی ھذا الباب واللہ ورسولہ اعلم بالصواب

ناجی فرقہ

سواد اعظم اہل سنت و جماعت

مذاہب اربعہ میں سے

احق، اصح اور اقرب الی الحق

مذہب امام اعظم

رحمۃ اللہ علیہ

ہونے کا ثبوت

سبب تالیف

غیر مقلدین تقریراً و تحریراً یہ عام پروپیگنڈا کر رہے ہیں کہ حنفی مذہب قرآن و حدیث کے مخالف اور متصادم ہے سادہ لوح احناف سعودی ویزوں اور ریالوں کے لالچ میں اس پروپیگنڈہ کا شکار ہو رہے ہیں۔

اولاً:۔ اس مقالہ میں یہ واضح کیا گیا ہے کہ حنفی مذہب قرآن وسنت کے عین مطابق اور اقرب الی الحق ہے۔

ثانیاً:۔ آج کل دیوبندی صاحبان حنفیت کی آڑ میں اعتزال اور وہابیت پھیلا رہے ہیں خالص حنفیوں پر شرک و بدعت کے فتوے لگا کر عوام کو اپنے دام تزویر میں پھنسا کر نجدیت کی طرف لے جا کر غیر مقلدین کے لئے راہ ہموار کر رہے ہیں لہذا ضرورت محسوس ہوئی کہ اپنے حنفی بھائیوں کو اپنے امام اعظم اور حنفی علماء کے عقائد سے آگاہ کیا جائے۔

مذہب امام اعظم رضی اللہ عنہ کے بارے ارشادات بزرگان

ارشاد خواجہ عثمان ہارونی رحمۃ اللہ تعالی علیہ :۔

خواجہ اجمیری رحمۃ اللہ تعالی علیہ کے پیر و مرشد کتاب ہشت بہشت صفحہ ۲۵ و کتاب انیس الارواح صفحہ ۲۵ میں فرماتے ہیں امام اعظم کوئی تیس (یا چالیس) سال تک رات کو نہیں سوئے اور آپ کا پہلو مبارک زمین پر نہیں لگا۔ پھر فرمایا کہ جب انہوں نے آخری حج کیا تو امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کعبے کے دروازے پر آئے اور کہا دروازہ کھولو آج کی رات خداوند تعالی کی عبادت کرلیں کون جانتا ہے کہ دوسری دفعہ مجھے حج کی قدرت حاصل ہو یا نہ ہو دروازہ کھل گیا امام اعظم اندر چلے گئے خانہ کعبہ کے

دوستونوں کے درمیان نماز ادا کرنے کے لئے کھڑے ہوئے آدھا قرآن شریف پڑھ
کر رکوع وسجود پورا کر کے (نماز ختم کرنے کے بعد) کہا اے خداوند میں نے تیری
اطاعت ایسی نہیں کی جیسا کہ اطاعت کا حق تھا اور میں نے نہیں پہچانا تجھے جیسا کہ
تیرے پہچاننے کا حق تھا۔ غیب سے آواز آئی کہ اے ابوحنیفہ تو نے پہچانا جیسا کہ
پہچاننے کا حق تھا میں نے تجھے اور ان لوگوں کو جو تیرے پیرو ہیں اور وہ لوگ جو تیرے
مذہب (حنفی) پر چلیں گے انہیں بخشا۔ ثابت ہوا تمام حنفی مغفور ہیں۔

ارشاد بابا فرید الدین گنج شکر رحمۃ اللہ تعالی علیہ:۔

راحت القلوب صفحہ ۵۶ اور ہشت بہشت صفحہ ۱۵۴ میں فرماتے ہیں:۔

مذہب کے شجرے سے ضرور واقف ہونا چاہئے پھر فرمایا کہ جس طرح مرید
کو اپنے پیر کا شجرہ جاننا ضروری ہے اسی طرح مذہب کا شجرہ جاننا بھی ضروری ہے کہ
پروردگار سے کس طرح ملتا ہے پھر فرمایا کہ اگر سوال کیا جائے تو کس کے مذہب میں
ہے تو کہو کہ امام اعظم کوفی کے مذہب میں ہیں جو بعینہ حضور علیہ السلام کا مذہب
ہے اور خدا تعالیٰ تک ملنے کا ذریعہ ہے۔ (ملخصاً)

ارشاد محبوب الٰہی خواجہ نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ تعالی علیہ:۔

افضل الفوائد مرتبہ امیر خسرو صفحہ ۵۶، ۵۷ اور ہشت بہشت صفحہ ۳۷۲، ۳۷۳
میں ہے امام اعظم نے تیس سال تک پشت مبارک زمین پر نہ لگائی اور نہ اس عرصے
میں سوئے پھر جناب کی بزرگی کے بارے میں یہ حکایت بیان فرمائی کہ ایک مرتبہ ماہ
رمضان میں آپ نے ایک سو بیس مرتبہ قرآن شریف ختم کیا ہر روز چار مرتبہ قرآن مجید

ختم کیا کرتے تھے بعد ازاں فرمایا کہ جب امام ابو یوسف نے سنا کہ امام اعظم دن میں
چار مرتبہ قرآن شریف ختم کرتے ہیں تو فرمایا کہ چونکہ ہم بھی آپ کے مذہب میں ہیں
اس لئے ہمیں بھی کچھ کرنا چاہئے تاکہ قیامت کے دن آپ کے روبرو شرمندہ نہ ہوں۔

داتا گنج بخش ہجویری رحمۃ اللہ تعالی علیہ ثم لاہوری کا ارشاد:۔

داتا صاحب کشف المحجوب اردو صفحہ ۲۱۲ میں فرماتے ہیں۔ خواب میں
رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ حضور فرما رہے ہیں ابوحنیفہ تجھے
اللہ نے میری سنت زندہ کرنے کے لئے بنایا ہے گوشہ نشینی کا عزم نہ کر چنانچہ آپ نے
خدمت دین شروع کر دی اور بڑے بڑے مشائخ کرام کے مثل ابراہیم بن ادھم اور
فضیل بن عیاض، داؤد طائی، بشر حافی رحمہم اللہ وغیرہ ہم کے استاد ہوئے۔

صفحہ ۲۱۶ میں لکھا۔ حضرت یحیٰ بن معاذ رازی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں
نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا میں نے عرض کی یارسول اللہ
میں حضور کو کہاں تلاش کروں فرمایا ابوحنیفہ کے علم کے پیچھے، میں (یعنی داتا ہجویری)
ایک بار شام میں تھا اور حضرت بلال مؤذن حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے
مزار کے سرہانے سو رہا تھا کہ اپنے کو مکہ معظمہ میں دیکھا اور اسی خواب میں دیکھا کہ
سرکار مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم باب بنی شیبہ سے تشریف لا رہے ہیں اور
ایک بزرگ معمر کو اپنے پہلو میں اس طرح لے رکھا ہے جیسے بچوں کو شفقت سے لیتے
ہیں میں فرط محبت سے دوڑا اور حضور کے پائے اقدس کو چومنے لگا اور میں اس تعجب
میں تھا کہ یہ معمر حضور کے اتنے محبوب کون ہیں؟ حضور میرے تعجب کو نور نبوت سے سمجھ

گئے مجھے فرمانے لگے یہ تیرا امام ہے اور تیرے شہر کے لوگوں کا امام ہے یعنی ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مجھے اس خواب کے بعد اس ہستی پاک کے ساتھ امید قوی ہے اور میرے اہل شہر بھی بالخصوص امیدوار ہیں اور اس خواب سے میرا یہ خیال بھی صحیح ہوگیا کہ حضرت امام انہیں پاک ہستیوں سے میں سے تھے جو اوصاف طبع سے فانی اور احکام شرع کے ساتھ باقی وقائم ہیں۔ اس لئے کہ ان کے چلانے والے حضور علیہ السلام ہی ہیں اور جب ان کے قائد خود حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں تو فانی الصفت ہوئے اور نبی کی صفت بقاء سے قائم ہے یہی وجہ ہے کہ پیغمبر سے صدور خطا ناممکن ہے جو اس ذات کے ساتھ قائم ہے اس سے بھی خطا نہیں ہوسکتی یہ درحقیقت ایک نہایت لطیف رمز ہے۔

جس کی نماز نہیں وہ ولی نہیں ہوسکتا

اکابرین اولیاء داتا ہجویری، خواجہ اجمیری، خواجہ عثمان ہارونی، بابا فرید الدین، خواجہ محبوب الٰہی دہلوی، پیر سواگ، خواجہ نقشبند، شاہ سلیمان تونسوی، خواجہ نور محمد مہاروی سید مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین سب امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے مقلد تھے اگر حنفیوں کی نماز صحیح نہیں تو یہ اللہ کے ولی کیسے ہوگئے؟ اگر ان کو اولیاء اللہ مانتے ہو تو حنفی نماز عین سنت رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کے مطابق ہے۔

مقلدین سے حدیث لینا جائز اور تقلید شرک فی الرسالت؟

غیر مقلدین جن آئمہ حدیث (بخاری، مسلم، ابوداؤد، ابن ماجہ، ترمذی، نسائی) سے احادیث لیتے ہیں وہ سب کے سب مقلد تھے ان میں سے کوئی بھی غیر مقلد نہ تھا اگر تقلید شرک فی الرسالت ہے تو مشرکین سے احادیث لینا کیسے جائز ہے؟

تحمید وتمہید

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

امابعد! غیر مقلدین اپنے رسالہ شمع توحید میں لکھتے ہیں آج سے تقریباً اسی سال پہلے سب مسلمان قریباً اسی خیال کے تھے جس کو آج کل بریلوی حنفی خیال کہا جاتا ہے۔ [۱] ہمارے ہاں وہابیت نجدیت کی موذی مرض ابھی چند سالوں سے پیدا ہوئی ہے اس کی ساری ذمہ داری ان دیوبندی مولویوں پر عائد ہوتی ہے جنہوں نے نجدی وہابی مذہب کو عربی مذہب کے لباس میں پیش کیا جب حرمین شریفین کے سرکاری تنخواہ خور اماموں کی نمازیں لوگوں نے دیکھیں تو یہاں آکر وہ بھی رفع یدین کرنے لگے اور اہل حدیث کہلوانے لگے اہل حدیث ہونا ان کا محض دعویٰ ہے اگر وہ واقعی اہل حدیث ہوتے تو ہر حدیث پر عمل کرتے۔ وہ حدیثیں تو لے لیتے ہیں جن کا مطلب اسماعیل دہلوی نے اپنے خیال کے مطابق سمجھا ہے اور وہ حدیثیں جن پر امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے قابل عمل ہونے کے لئے مہر تصدیق ثبت فرمائی ہے اور تابعی ہونے کی وجہ سے صحابہ کرام کو جس طرح نماز پڑھتے دیکھا ان کو چھوڑ دیتے ہیں امام اعظم فرماتے ہیں اذا صح الحدیث فھو مذھبی (میزان الکبریٰ جلد اول صفحہ ۳۵) جب مجھے صحیح حدیث ملی تو میں نے اسے اپنا مذہب قرار دیا میرے مذہب کا کوئی عمل خلاف حدیث نہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ ہر حدیث سنت نہیں اور ہر سنت حدیث کے مطابق ہے۔ ہم بحمداللہ اہل سنت ہیں ہم حدیثوں میں سے سنت رسول تلاش کرتے ہیں ہمیں جس امام پر اعتماد ہے ان کا زمانہ زمانہ نبوی ﷺ کے قریب ہے وہ تابعی ہیں صحابہ کرام کو انہوں

---

[۱]۔ شمع توحید صفحہ ۵۲ از ثناء اللہ غیر مقلد وہابی۔

ابوالجلیل فیضی غفرلہ

نے نماز پڑھتے دیکھا۔ آپ نے جن احادیث سے استدلال فرمایا کہ پہلے ہاتھ کانوں کی
لو تک اٹھاؤ پھر رفع یدین نہ کرو امام کے ساتھ الحمد نہ پڑھو امام کے خلف یعنی سلام
پھیرنے کے بعد تمہاری کوئی رکعت رہتی ہو تو پھر فاتحہ پڑھو۔ آمین آہستہ کہو، ہاتھ زیر ناف
باندھو ان کو ضعیف کہنا زبردست مغالطہ ہے۔ کیونکہ امام اعظم رضی اللہ عنہ نے جب ان
احادیث سے استدلال فرما کر اپنا فقہ قرآن وسنت کے مطابق مرتب فرمایا تو وہ ضعیف
راوی جن کی وجہ سے بعد کے محدثین کرام، بخاری ومسلم وغیرہ کو روایت ضعیف ہو کر ملی
امام اعظم رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں پیدا ہی نہ ہوئے تھے۔

اسناد میں ان کا شامل ہونا بہت بعد کی بات ہے لہذا کسی غیر مقلد وہابی کو یہ ثابت کرنا
آسان نہیں کہ یہ حدیث امام اعظم رضی اللہ عنہ کو ضعیف ہو کر ملی علمائے اہل سنت کو
خیال رکھنا چاہئے کہ ضعیف ضعیف کی رٹ لگانے والے سے وجہ ضعف پوچھیں پھر یہ
تحقیق کریں کہ یہ ضعف امام اعظم رضی اللہ عنہ سے پہلے کا ہے یا بعد کا؟

انشاء اللہ وہابی جی پانی مانگ جائیں گے!

حنفیت عین دین مصطفیٰ (ﷺ) ہے:۔ حنفیوں کو غیر مقلدین یہ مغالطہ دیتے ہیں کہ
امام اعظم رضی اللہ عنہ کا مذہب دین مصطفیٰ (ﷺ) کے مدمقابل ایک نیا مذہب
ہے۔ (معاذاللہ) حقیقت یہ ہے کہ ہم نے فروعات میں امام اعظم رضی اللہ عنہ کی
تقلید اس لئے کی ہے کہ انہوں نے ہم کو قرآن وسنت سے واضح کر کے بتلایا کہ
حضور ﷺ کا آخری عمل اولاً کانوں تک ہاتھ اٹھانا پھر رفع یدین نہ کرنا، آمین آہستہ کہنا
امام کے پیچھے الحمد نہ پڑھنے کا حکم وغیرہ ہے غیر مقلدین نے اپنے اعمال رفع یدین آمین

بالجھر، امام کے پیچھے الحمد پڑھنا وغیرہ صدیوں بعد کے لوگوں سے اخذ کئے اور ہم
نے ایک تابعی سے اخذ کئے اگر اسماعیل دہلوی وغیرہ پر اعتماد کرنا اور ان کی بات مان کر
ان کی تقلید کرنا شرک فی الرسالت نہیں تو امام اعظم رضی اللہ عنہ پر اعتماد کرنا کیسے شرک
فی الرسالت ہو گیا فقیر نے اس مقالہ میں یہ ثابت کیا ہے کہ قرآن وسنت کے مطابق
اصح طریقہ نماز حنفیوں کا ہے۔ اللہ تعالیٰ غیر مقلدین کو صحیح سمت چلنے کی توفیق بخشے کہ وہ
بزرگان احناف کے خلاف ہرزہ سرائی سے باز آئیں وما توفیقی الا باللہ

ہر مسئلہ کے ساتھ حوالہ کتب پر اکتفا کیا گیا ہے حوالہ کی تفصیل کے لئے اصل کتب ملاحظہ
فرمائیں۔ کوئی صاحب حوالہ غلط ثابت کر دکھائیں منہ مانگا انعام دوں گا۔ ان صحیح حوالہ
جات کی موجودگی میں غیر مقلدین کو چاہیے کہ اپنا شتر بے مہار اور اسپ بے لگام مذہب
چھوڑ کر امام اعظم رضی اللہ عنہ کی غلامی اور تقلید کے صدقے قرآن وسنت پر عمل پیرا ہوں

امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مذہب میں گردن کا مسح کرنا مستحب ہے

اس کا ثبوت مندرجہ ذیل کتب میں ہے:۔ التلخیص الحبیر صفحہ ۶، مسند فردوس
مع تسوید القوس صفحہ ۴۴، طحاوی صفحہ ۹۳ جلد اول، مسند احمد صفحہ ۴۸۱ جلد سوم
التلخیص صفحہ ۹۲ جلد اول، معجم طبرانی بحوالہ غایۃ المقصود صفحہ ۱۳۷ جلد اول
معجم کبیر للطبرانی صفحہ ۴۲ جلد دوم، کشف الاستار عن زوائد البزار صفحہ ۸۸
جلد اول، تلخیص صفحہ ۴۴، ابو نعیم بحوالہ زجاجہ صفحہ ۱۰۲۔

فجر کی نماز خوب روشنی میں پڑھنا افضل ہے

اس کا ثبوت مندرجہ ذیل کتب احادیث میں ہے۔ نسائی صفحہ ۶۵ جلد اول، ابویعلی

۳۹۱ جلد اول، کتاب الآثار صفحہ ۲۸، ابو داؤد نسخہ ابن الاعربی، بیہقی صفحہ ۳۱ جلد سوم، مسند احمد صفحہ ۱۱۰ جلد اول دار قطنی صفحہ ۲۸۶ جلد اول، محلی ابن حزم صفحہ ۳۰ جلد سوم، منتخب کنز العمال صفحہ ۳۵۰ جلد دوم، اعلاء السنن صفحہ ۱۴ نصب الرایہ صفحہ ۳۱۳ مسند اھل بیت صفحہ ۱۷۴، الجواھر النقی علی البیھقی صفحہ ۳۱ جلد دوم۔ المغنی صفحہ ۴۷۳ جلد اول، ترمذی ۵۹ جلد اول، آثار السنن صفحہ ۱۷، تحفۃ الاحوذی صفحہ ۲۱۴۔

کوئی غیر مقلد قیامت تک صحاح ستہ سے سینے پر ہاتھ باندھنے کا ثبوت پیش نہیں کر سکتا

امام نماز میں بسم اللہ آہستہ پڑھے

اس کا ثبوت مندرجہ ذیل کتب احادیث میں ہے۔

مجمع الزوائد صفحہ ۱۰۸ جلد دوم، نسائی صفحہ ۱۰۵ جلد اول، مسلم شریف صفحہ ۱۷۲ جلد اول، بخاری شریف صفحہ ۱۷ جلد اول، معجم کبیر للطبرانی صفحہ ۲۹۳ جلد نہم ابن ابی شیبہ صفحہ ۴۱۱ جلد اول، تذکرۃ الحفاظ صفحہ ۳۰۹، ۳۰۶ جلد اول۔

غیر مقلدین کا جہری نمازوں میں بسم اللہ جہراً پڑھنا بدعت ضلالہ ہے۔

مسلمانو! سوچو! یہ حدیث کی موافقت ہے یا مخالفت؟

امام کے پیچھے قرأت نہیں کرنی چاہئے

ارشاد خداوندی ہے۔

وَإِذَا قُرِئَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوا لَهُ وَأَنْصِتُوا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ

اور جب قرآن پڑھا جائے تو اس کی طرف کان لگائے رکھو اور خاموش رہو تا کہ تم پر رحم ہو۔

اللہ تعالیٰ نے قُرِئَ واحد کا صیغہ بیان فرمایا یعنی امام اور اکیلا نماز پڑھنے والا قرأت کرے اور فَاسْتَمِعُوا اور وَأَنْصِتُوا جمع کا صیغہ بیان کر کے مقتدیوں کو خاموش رہنے کا حکم دیا ان تفاسیر معتبرہ وکتب احادیث کے حوالے ملاحظہ ہوں کہ یہ آیت مقتدیوں کو امام کے پیچھے خاموش رہنے کے بارے اتری۔

تفسیر طبری صفحہ ۱۱۰،۱۰۳ جلد نہم، کتاب القراۃ للبیھقی صفحہ ۸۸،۸۷، تفسیر درمنثور صفحہ ۱۵۶ جلد سوم، فتاویٰ کبری صفحہ ۱۶۸ جلد دوم، ابن کثیر صفحہ ۲۸۱ جلد دوم، روح المعانی صفحہ ۱۵۰ جلد نہم، تفسیر مظھری صفحہ ۵۰۷ جلد سوم، فتاویٰ ابن تیمیہ صفحہ ۱۶۸ جلد دوم، تفسیر کشاف صفحہ ۵۲۳ جلد اول، تفسیر بیضاوی صفحہ ۳۰۸ جلد اول، تفسیر معالم التنزیل صفحہ ۲۷۲ جلد دوم، تفسیر ابو السعود صفحہ ۵۰۳ جلد چہارم، جلیل القدر صحابہ ابن عمر، ابن عباس، ابن مسعود ابن معقل کے نزدیک آیت کریمہ قرأت خلف الامام کی ممانعت کے بارے اتری بیہقی میں ہے صحابہ کرام کا اس پر اجماع ہے کہ امام کے پیچھے قرأت نہ کرے قرآن مجید میں محبوب علیہ السلام کو حکم فرمایا جب جبرائیل علیہ السلام آپ کے سامنے قرآن پڑھے لَا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ آپ اپنی زبان کو حرکت نہ دیں۔ معلوم ہوا تلاوت قرآن کے وقت خاموش رہنا ضروری ہے۔ مذہب امام اعظم کی تائید قرآن مجید سے ہو رہی ہے۔

☆......ارشاد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم واذا قرء فانصتوا جب امام قرأۃ کرے تم خاموش رہو۔ ملاحظہ ہو۔

مسلم صفحہ ۱۷۲ جلد اول، مسند امام احمد صفحہ ۴۱۵ جلد چہارم، صحیح ابو عوانہ

صفحہ۱۳۳ جلد دوم (دواحادیث) ابن ماجہ صفحہ۶۱ (دواحادیث) نسائی صفحہ۱۰۷ جلد
اول (دواحادیث) مسند امام احمد صفحہ۳۷۶ جلد دوم، کتاب القراۃ للبیہقی
صفحہ۱۱۲، ۱۱۴، ۱۱۵، ۱۵۵، ابو داؤد صفحہ۱۴۰ جلد اول، مشکوۃ صفحہ۸۱، دار قطنی صفحہ
۳۲۸ جلد دوم، طحاوی صفحہ۱۲۸۔

☆......ارشاد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب تم میں سے کوئی امام کے پیچھے
نماز پڑھے تو قراۃ الامام لہ قراۃ تو امام کی قرأت مقتدی کو کافی ہے کیونکہ امام کی
قرأت ہی اس کی قرأت ہے مقتدی کو قرأت کی ضرورت نہیں ملاحظہ ہو کتاب القراۃ
للبیہقی صفحہ۱۲۶، ۱۵۳، ۱۵۶، ۱۶۳، ۱۷۰، ۱۸۳، موطا امام محمد صفحہ۹۵، مسند ابن
ابی شیبہ صفحہ۳۷۷ جلد اول مسند احمد بن منیع بحوالہ فتح القدیر صفحہ۲۹۵
جلد اول، دار قطنی صفحہ۳۳۱ جلد اول (قرأت جہری ہو یا سری مقتدی خاموش رہے)
ابن ماجہ صفحہ۶۱، طحاوی صفحہ۱۰۶۔

☆......ارشاد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم جس نے نماز کی کوئی رکعت پڑھی اور اس
میں سورۃ فاتحہ نہ پڑھی تو اس کی نماز نہیں ہوئی مگر یہ کہ امام کے پیچھے تو فاتحہ کے بغیر نماز
ہو جائے گی۔ ملاحظہ ہو طحاوی صفحہ۱۴۹ جلد اول، مصنف عبد الرزاق صفحہ۱۲۰ جلد
اول کتاب القرأۃ للبیہقی جلد۱۲ صفحہ۱۳۶، ۱۷۳، ۱۷۱، دار قطنی صفحہ۳۲۷
جلد اول۔

☆......ارشاد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بغیر فاتحہ نماز پڑھے نماز نہیں ہوتی یہ
حکم اکیلا پڑھنے والے کے لئے ہے۔ ترمذی صفحہ۷۱ جلد اول، ابو داؤد صفحہ۱۱۹
جلد اول۔

☆......ارشاد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر وہ نماز جس میں سورۃ فاتحہ نہ
پڑھی جائے وہ ناقص ہوتی ہے سوائے اس نماز کے جو امام کے پیچھے پڑھی جائے۔
ملاحظہ ہو کتاب القراۃ للبیہقی صفحہ۱۷۔

☆......ارشاد مصطفیٰ ﷺ لاقراۃ خلف الامام۔ امام کے پیچھے قرأت جائز نہیں۔
(دار قطنی صفحہ۳۲۰، کتاب القراۃ للبیہقی صفحہ۱۷۵، ۱۲۲، ۱۷۳)

تعامل صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم

کسی نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے قرأت کی آپ نے سختی سے منع فرمایا
پھر سب نے آپ کے پیچھے قرأت ترک کر دی موطا امام مالک صفحہ۶۹، ابن ماجہ
صفحہ۶۱ (دواحادیث)، ترمذی صفحہ۴۳، ۷۱ جلد اول، ابو داؤد صفحہ۱۲۰، ۱۲۱ جلد اول
نسائی صفحہ۱۶۲ جلد اول، مسلم صفحہ۱۷۲ جلد اول، نسائی ۱۰۶ جلد اول (تین احادیث)
مسند امام احمد صفحہ۳۴۵ جلد پنجم، الجواہر النقی صفحہ۱۶۲ جلد دوم طحاوی
صفحہ۱۰۶، ۱۰۷، ۱۴۹، ۱۵۰ جلد اول، موطا امام مالک صفحہ۲۹، ۹۸ کتاب القراۃ
للبیہقی صفحہ۱۷۷، ۱۲۶، ۱۴۴، ۱۵۱، ۱۷۶، مصنف ابن ابی شیبہ صفحہ۳۷۶۔

☆......مرض وفات میں سرکار مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی آخری نماز
صحابہ کو پڑھائی آپ نماز میں اس وقت شامل ہوئے جب کہ صحابہ کو صدیق اکبر رضی
اللہ عنہ نماز پڑھا رہے تھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے الحمد شروع سے نہ
پڑھی بلکہ قرأت وہاں سے شروع کی جہاں ابو بکر پہنچے تھے معلوم ہوا نماز میں الحمد
پڑھنا فرض نہیں ملاحظہ ہو ابن ماجہ صفحہ۸۸ طحاوی صفحہ۱۷۶ جلد اول مسند

احمد صفحہ ۱۹۷ جلد اول، دار قطنی صفحہ ۳۹۹ سنن کبری للبیھقی صفحہ ۸۱ جلد سوم

☆.....ارشاد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم جب امام ولا الضالین کہے تم آمین کہو۔ معلوم ہوا مقتدی کے لئے فاتحہ نہیں۔ بخاری صفحہ ۹۴۷ جلد دوم، نسائی ۱۰۷ جلد اول دارمی صفحہ ۲۲۸ جلد اول، مسند احمد صفحہ ۲۳۳ جلد دوم۔

☆.....ارشاد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم رکوع میں ملنے سے رکعت مل جاتی ہے اگر فاتحہ پڑھنا فرض ہوتا رکعت نہ ملتی معلوم ہوا مقتدی کے لئے فاتحہ پڑھنا منع ہے ثبوت ملاحظہ ہو۔ بخاری صفحہ ۱۰۸ جلد اول، معجم کبیر للطبرانی صفحہ ۲۷۱ جلد نہم صفحہ ۲۷۰ جلد اول، طحاوی صفحہ ۲۷۲ جلد اول، ابو داؤد صفحہ ۱۲۹ جلد اول، المستدرک حاکم صفحہ ۲۱۶ جلد اول، صحیح ابن خزیمہ صفحہ ۴۵ جلد سوم، صحیح ابن حبان مؤطا امام مالک صفحہ ۷ (دو احادیث) مؤطا امام محمد صفحہ ۱۰۳، دار قطنی صفحہ ۳۴۸ جلد اول، سنن کبری صفحہ ۹۰ جلد اول، التعلیق المغنی علی دار قطنی صفحہ ۳۴۷ غیر مقلدین کا مذہب ''مدرک رکوع کی رکعت نہیں'' احادیث مبارکہ کے خلاف ہے یہ اہل حدیث نہیں منکر حدیث ہیں۔

☆.....خلفائے راشدین وجلیل القدر صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین امام کے پیچھے قرأت سے منع فرماتے تھے ملاحظہ ہو مصنف عبد الرزاق صفحہ ۱۳۸، ۱۳۹، ۱۴۰ جلد دوم، مصنف ابن ابی شیبہ صفحہ ۳۷۶، ۱۷۶ جلد اول، کتاب القرأۃ للبیھقی صفحہ ۱۴۵، ۱۵۷، ۱۸۴، ۱۸۵، مؤطا امام محمد صفحہ ۹۳، ۹۶، ۹۸، ۱۰۰، دار قطنی صفحہ ۳۳۲ جلد اول، مجمع الزوائد صفحہ ۱۱۰ جلد سوم، طحاوی صفحہ ۱۵۱، ۱۴۱، ۱۴۸ جلد اول، مؤطا امام مالک صفحہ ۶۶، ۶۸، مسلم صفحہ ۲۱۵ جلد اول

نسائی صفحہ ۱۱۱ جلد اول، ترمذی صفحہ ۷۱ جلد اول، مسند احمد ۴۴۱ جلد ششم کتاب الآثار صفحہ ۲۲، الجواھر النقی صفحہ ۱۶۶ جلد ششم۔

☆.....ستر بدری صحابہ کرام قرأت خلف الامام سے منع کرتے تھے۔

(روح المعانی صفحہ ۱۵۱ جلد نہم)

☆.....تابعین عظام قرأت خلف الامام سے منع فرماتے تھے ملاحظہ ہو مصنف ابن ابی شیبہ صفحہ ۳۷۶، ۳۷۷ جلد اول، کتاب القراۃ صفحہ ۹۱، مصنف عبد الرزاق صفحہ ۱۳۹ جلد سوم، مؤطا امام محمد صفحہ ۴۵۔

☆.....تبع تابعین قرأت خلف الامام سے منع فرماتے تھے۔ تحفۃ الاحوذی صفحہ ۳۵۷ فصل الخطاب صفحہ ۸۰، فتاویٰ ابن تیمیہ صفحہ ۱۶۷، المغنی ابن قدامہ صفحہ ۱۰۹ جلد اول۔

☆.....حضرت غوث اعظم بھی قرأت خلف الامام کو درست نہیں سمجھتے تھے ملاحظہ ہو غنیۃ الطالبین صفحہ ۳ جلد اول۔

☆.....(اقرأ بھا فی نفسک یا فی نفسہ کا مطلب) سرکار نے دل کے تصور سے پڑھنے کا حکم فرمایا زبان کے پڑھنے سے منع فرمایا فی نفسک کے معنی تنہا کے بھی آتے ہیں حدیث قدسی میں ہے۔

من ذکرنی فی نفسہ ذکرتہ فی نفسی جو مجھے تنہا یاد کرے میں اسے تنہا یاد کرتا ہوں۔ اب حدیث کا مطلب واضح ہوگیا۔ یعنی تنہا سورۃ فاتحہ پڑھ لیا کرو امام کے ساتھ نہ پڑھو۔

☆.....(خلف الامام فاتحہ پڑھنے کا مطلب) فرمان رسول صلی اللہ عالیٰ علیہ وسلم

ایک دوسرے کے مخالف نہیں۔ غیر مقلدین کی سمجھ کا پھیر ہے۔ بیھقی کی حدیث لا صلاۃ لمن لم یقرء بفاتحۃ الکتاب خلف الامام میں حکم مسبوق کے متعلق ہے جو امام کے سلام پھیرنے کے بعد اپنی بقیہ رکعتیں پوری کرتا ہے مطلب یہ ہے کہ اگر مسبوق امام کے بعد بقیہ رکعتیں ادا کرتے ہوئے سورۃ فاتحہ نہ پڑھے گا تو اس کی نماز نہ ہوگی۔ خلف کا معنی بعد میں مستعمل ہونا قرآن سے ثابت ہے۔

فَجَعَلْنٰهَا نَكَالًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا خَلْفَهَا

ہم نے اس واقعہ کو عبرت بنادیا ان لوگوں کے لئے جو اس کے سامنے تھے اور ان لوگوں کے لئے جو اس کے بعد آنے والے تھے (ترجمہ تفسیر ابن جریر طبری صفحہ ۲۶۵ جلد اول)

غیر مقلدین اس حدیث خلف الامام والی کا جو ترجمہ کرتے ہیں وہ نص قطعی قرآنی فاستمعوا اور وانصتوا کے خلاف ہے اس لئے خلف کے معنی میں تاویل کی جائے گی کیونکہ فرمان رسول قرآن کے خلاف نہیں ہوسکتا۔ لہذا قرآن کے مطابق معنی ہوگا مسبوق امام کے بعد والی رکعتوں میں اگر فاتحہ نہ پڑھے گا تو نماز نہ ہوگی۔ امام کے پیچھے خاموش رہنا ضروری ہے جو کہ حکم خدا ہے۔ مذہب امام اعظم پر قرآنی مہر تصدیق ثبت ہے

☆...... فرضوں کی آخری دو رکعتوں میں صرف سورہ فاتحہ پڑھنی چاہیے ان رکعتوں میں فاتحہ کی جگہ تسبیح پڑھنا اور خاموش رہنا بھی جائز ہے۔ ملاحظہ ہو بخاری صفحہ ۱۰۷ جلد اول، معجم کبیر للطبرانی صفحہ ۶۱ جلد نہم، مصنف عبدالرزاق صفحہ ۱۰۰ جلد دوم، مصنف ابن ابی شیبہ صفحہ ۳۷۲ جلد اول۔

☆...... تسبیح کہنے کا ثبوت مصنف ابن ابی شیبہ صفحہ ۳۷۲ جلد اول، مصنف عبدالرزاق صفحہ ۱۰۱ جلد دوم۔

☆...... خاموش رہنے کا ثبوت۔ مصنف عبدالرزاق صفحہ ۱۰۱ جلد دوم۔

☆...... غیر مقلدین کا نزل الابرار صفحہ ۷۸ جلد اول میں سورۃ ملانے کا حکم دینا صراحۃً مخالفت رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہے اور دعویٰ اہل حدیث ہونے کا؟

آمین آہستہ کہنی چاہیے

فرشتوں کی آمین ہم نہیں سنتے لہذا فرشتوں کی طرح آمین کہنا آہستہ کہنے کا حکم ہے ملاحظہ ہو مسند احمد صفحہ ۲۳۲ جلد دوم، نسائی صفحہ ۱۰۷ جلد اول، دارمی صفحہ ۲۲۸ جلد اول، صحیح ابن خزیمہ صفحہ ۲۸۹ جلد اول۔

☆...... حضور ﷺ آمین آہستہ کہتے تھے ملاحظہ ہو۔ ابو داؤد صفحہ ۱۱۳ جلد اول ترمذی صفحہ ۵۸، ۵۹ جلد اول، مسند احمد صفحہ ۳۱۶ جلد چہارم، دارقطنی صفحہ ۳۳۴ جلد اول، منحۃ المعبود فی ترتیب مسند ابی داؤد الطیالسی صفحہ ۹۲ المستدرک للحاکم صفحہ ۲۳۲ جلد دوم، بیھقی صفحہ ۵۷ جلد دوم۔

